© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**عظمتِ صحابہؓ و اہلِ بیتؓ** — تالیف: شاہ اسمٰعیل شہیدؒ۔ ناشر: مکتبہ نذیریہ۔ جامع مسجد قبا، چناب بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ صفحات: ۱۲۸ - قیمت: ۱۰/- روپے

دینی حقائق، خصوصاً احادیث نیز قرآن و حدیث کے علمی مفہوم کے ہم تک پہنچنے کا واحد، جامع اور مستند ذریعہ صحابہ و صحابیات (رضوان اللہ علیہم اجمعین) ہیں جن میں خلفائے راشدین، اہل بیت، ازواج مطہراتؓ، عشرہ مبشرہ اور شرکائے بدر و اُحد اور دیگر تمام غزوات کے مجاہدین اور شہداء اوّلین صفوں میں ہیں۔ حضورؐ کے صحابہؓ پر اگر کسی بدنصیب کو اعتماد نہ رہے تو پھر وہ دین کی حقیقت کو نہیں پا سکتا۔ اسی ضرورت کے تحت سلف سے خلف تک صحابہؓ کے سوانح اور فضائل پر دفتر کے دفتر لکھے گئے ہیں۔

یہ رسالہ جو شاہ اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "تذکیر الاخوان" کی چوتھی فصل پر مشتمل ہے، اس میں قرآن و حدیث کے شواہد کے آئینے میں خلفائے راشدین، حضرت طلحہؓ و زبیرؓ، حضرت عائشہؓ، حضرت عباسؓ، حضرت فاطمہؓ اور حضرت حسنؓ و حسینؓ، نیز اصحابِؓ بدر اور اصحابؓ حدیبیہ کی عظمتوں کی جھلک پیش کی گئی ہے۔

ایک جامع تمہیدی باب حضرت شاہ اسماعیلؒ شہید کے مقام کو واضح کرتا ہے۔

---

**"قم" سے آمدہ پمفلٹ** — مختلف منشورات فی طریق الحق۔ ناشر: اصول الدین پبلیکیشنز۔ پتہ قم - ص، ب، ۵ - ایران۔

© rasailojaraid.com